نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی بہتر دیکھ بھال کے لئے حکمت عملی جاری کردی

لاہور16 اگست 2021: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق اس وقت کپاس کی فصل بھرپور گڈی، پھول اور ٹینڈے لے رہی ہے۔اس موقع پر کاشتکار فصل کو پانی کی کمی ہرگز نہ آنے دیں اور پانی کا استعمال واٹر سکاؤٹنگ کے بعد کریں۔پانی ترجیحاً صبح یا شام کے وقت لگائیں۔کاشتکار پھل کے کیرے کو روکنے کے لئے جبریکس بحساب 10 گرام فی ایکڑ استعمال کریں۔پھول آنے پر پوٹاشیم نائٹریٹ بحساب 200 گرام، زنک سلفیٹ بحساب 250 گرام، بورک ایسڈ 300 گرام 100 لٹر پانی میں حل کر کے فی ایکڑ سپرے کریں۔اگر کپاس کی بڑھوتری زیادہ ہو اور فصل پھل کم اُٹھا رہی ہو تو میپی کوات کلورائیڈ بحساب 125 ملی لیٹر یا پوٹاشیم نائٹریٹ بحساب 500 گرام فی ایکڑ فی 100 لیٹر پانی کے ساتھ سپرے کریں۔بارشوں کے دوران کپاس کے کاشتکار اُمورِ کاشتکاری سرانجام دینے سے پہلے ریڈیو اور ٹیلی ویژن سے نشر ہونے والی موسمی پیشن گوئی کو مدِنظر رکھیں۔کپاس کے کاشتکار بارش ہونے کی صورت میں اگر پاس ہی کماد، چارہ یا دھان کی فصل ہو تو زائد پانی اُن کھیتوں میں منتقل کیا جا سکتا ہے۔زیادہ پانی کی وجہ سے کپاس کے پودوں کی جڑیں کام کرنا بند کر دیتی ہیں اسکے علاوہ اگر کپاس فصل کا رنگ اگر پیلا ہو جائے تو بارش کے پانی کی نکاسی کے بعد وتر آنے پر یوریا کا 2 فیصد محلول سپرے کریں تا کہ پودوں کی دوبارہ نشوونما شروع ہو جائے کپاس کی فصل پر اس موسم میں سفید مکھی، سبز تیلا، تھرپس، ملی بگ اور گلابی سنڈی کے حملے کا امکان موجود ہوتا ہے۔حملہ ہونے کی صورت میں کاشتکار محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورہ سے زرعی زہروں کا سپرے کریں۔کاشتکار ہفتہ میں دو بار پیسٹ سکاؤٹنگ کریں اور ایک ہی قسم کی زہروں کو بار بار سپرے نہ کریں۔کھادوں کا متوازن استعمال زمین کے تجزیہ کی روشنی میں کریں۔جہاں سفید مکھی کا حملہ زیادہ ہو وہاں یوریا کی بجائے متبادل کھادیں جیسا کہ کیلشیم امونیم نائٹریٹ (گوارا کھاد) یا امونیم سلفیٹ ایک بوری فی ایکڑ استعمال کریں۔پھول آنے پر پوٹاشیم نائٹریٹ 200 گرام، زنک سلفیٹ 250 گرام، میگنیشیم سلفیٹ 300 گرام 100 لیٹر پانی میں حل کر کے فی ایکڑ سپرے کریں۔کپاس کے کاشتکار چنائی کرتے وقت صفائی پر خصوصی توجہ دیں۔

☆☆☆☆